45. Recite that which has been revealed to you of the Book, and establish prayer. Indeed, prayer restrains from lewdness and iniquity. And surely the remembrance of Allah is greater. And Allah knows what you do.	۞ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾	تلاوت کرو اے نبیؐ اس کی جو وحی کیا گیا ہے تمہاری طرف بطورِ کتاب اور قائم کرو نماز یقیناً نماز روکتی ہے بے حیائی اور بُرے کاموں سے، اور اللہ کا ذکر ہی ہے سب سے بڑا اور اللہ جانتا ہے اسے جو تم کرتے ہو ﴿۴۵﴾
46. And do not argue with the People of the Scripture except it be in (a way) that is better, except with those who do wrong among them. And say: "We believe in that which has been revealed to us and revealed to you. And our God and your God is One, and to Him we surrender."	وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾	اور نہ بحث کرو اہلِ کتاب سے مگر ایسے طریقہ سے جو سب سے اچھا ہو سوائے ان لوگوں کے جو ظالم ہیں ان میں سے، اور کہو کہ ایمان لائے ہم تو اس پر جو نازل کیا گیا ہماری طرف اور جو نازل کیا گیا تمہاری طرف اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے مطیعِ فرمان ہیں ﴿۴۶﴾
47. And thus We have revealed to you the Book (Quran). And those to whom We gave the Scripture (aforetime) believe in it. And of these (also) there are some who believe in it. And none deny Our revelations except the disbelievers.	وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾	اور اے نبیؐ اسی طرح نازل کی ہے ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب۔ سو وہ لوگ جنہیں دی تھی ہم نے کتاب وہ تو ایمان لاتے ہیں اس پر اور ان (اہلِ مکہ) میں سے بھی کچھ ایسے ہیں جو ایمان لا رہے ہیں اس قرآن پر اور نہیں انکار کرتے ہماری آیات کا مگر کافر ﴿۴۷﴾

48. And you (O Muhammad) did not read of any book before it, nor did you write it with your right hand, for then might those have doubted, who follow falsehood.	وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾	اور نہیں پڑھتے تھے تم اس سے پہلے کوئی کتاب اور نہ لکھتے تھے تم اُسے اپنے ہاتھ سے، اگر ایسا ہوتا تو ضرور شک میں پڑ سکتے تھے یہ باطل پرست لوگ ﴿۴۸﴾
49. But these are clear revelations in the hearts of those who have been given knowledge. And none deny Our revelations except the wrong doers.	بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾	دراصل قرآن، آیاتِ بینات ہیں ان لوگوں کے سینوں میں جنہیں دیا گیا ہے علم اور نہیں انکار کرتے ہماری آیات کا مگر ظالم ﴿۴۹﴾
50. And they say: "Why signs are not sent down upon him from his Lord." Say: "The signs are with Allah only, and I am only a plain warner."	وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾	اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیوں نہ نازل کی گئیں اُس پر نشانیاں اس کے رب کی طرف سے۔ کہو حقیقت یہ ہے کہ نشانیاں تو اللہ ہی کے اختیار میں ہیں اور میں تو بس تنبیہ کرنے والا ہوں واضح طور پر ﴿۵۰﴾
51. And is it not sufficient for them that We have sent down to you the Book which is recited to them. Indeed, in that is surely a mercy and a reminder for a people who believe.	اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾	کیا یہ نشانی کافی نہیں ہے اُن کے لیے کہ ہم نے نازل کی ہے تم پر یہ کتاب جو پڑھ کر سُنائی جاتی ہے اُنہیں، بے شک اس میں بڑی رحمت ہے اور نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں ﴿۵۱﴾

52. Say: "Sufficient is Allah between me and you as a Witness. He knows what is in the heavens and the earth." And those who believe in falsehood and disbelieve in Allah, they are those who are the losers.	قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝	کہہ دو اے نبیؐ! کافی ہے اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لیے، وہ جانتا ہے اسے بھی جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور جو لوگ مانتے ہیں باطل کو اور انکار کرتے ہیں اللہ کا، وہی ہیں گھاٹا اُٹھانے والے ۝
53. And they ask you to hasten on the punishment. And if a term had not been appointed, the punishment would assuredly have come to them. And surely, it will come upon them suddenly while they perceive not.	وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝	اور مطالبہ کر رہے ہیں یہ لوگ تم سے جلد عذاب لانے کا اور اگر نہ ہوتا ایک وقتِ مقرر تو ضرور آجاتا ان پر عذاب اور یہ آکر رہے گا اُن پر اچانک اس طرح کہ انہیں پتا بھی نہ چلے گا ۝
54. They ask you to hasten on the punishment. And indeed, Hell will be encompassing the disbelievers.	يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝	یہ لوگ جلدی مچا رہے ہیں تم سے عذاب کے لیے حالانکہ جہنم گھیرے میں لیے ہوئے ہے کافروں کو ۝
55. On the day the punishment shall cover them from above them and from underneath their feet, and it will be said: "Taste what you used to do."	يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝	جس دن گھیر لے گا انہیں عذاب اُن کے اُوپر سے بھی اور اُن کے پاؤں کے نیچے سے بھی اور فرمائے گا وہ چکھو مزا ان کرتوتوں کا جو تم کرتے رہے ۝

56. O my slaves who believe, indeed, My earth is spacious, so worship Me only.	يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾	اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو بے شک میری زمین بہت وسیع ہے، لہٰذا صرف میری ہی عبادت کرو تم ﴿٥٦﴾
57. Every soul shall taste the death. Then to Us you shall be returned.	كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿٥٧﴾	ہر جاندار کو چکھنا ہے مزا موت کا۔ پھر ہماری ہی طرف تم واپس لائے جاؤ گے ﴿٥٧﴾
58. And those who believe and do righteous deeds, We will surely give them lofty dwellings in the Gardens underneath which rivers flow, to live therein forever. Excellent is the reward of the workers.	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿٥٨﴾	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے اُنہوں نے نیک اعمال جگہ دیں گے ہم اُنہیں جنّت کے اندر بلند و بالا عمارتوں میں، بہہ رہی ہوں گی اُن کے نیچے نہریں، رہیں گے وہ ہمیشہ ان میں کیا ہی اچھا ہے اجر نیک عمل کرنے والوں کا ﴿٥٨﴾
59. Those who are patient, and put their trust in their Lord.	الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٥٩﴾	یہ وہ لوگ ہیں جو صبر کرتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿٥٩﴾
60. And how many creatures are there that do not carry their provisions. Allah provides for them and for you. And He is the All Hearer, the All Knower.	وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٠﴾	اور کتنے ہی جاندار ہیں جو نہیں اُٹھائے پھرتے اپنا رزق، اللہ ہی رزق دیتا ہے انہیں بھی اور تمہیں بھی اور وہ ہے ہر بات کا سُننے والا اور سب کچھ جاننے والا ﴿٦٠﴾

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٦١﴾	61. And if you ask them, "Who created the heavens and the earth, and subjected the sun and the moon (to their appointed work)." They would surely say: "Allah." Then how are they turned away.
اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٦٢﴾	62. Allah enlarges the provision for whom He wills of His slaves and straitens it for whom (He wills). Indeed, Allah is the All Knower of everything.
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ ع	63. And if you ask them, "Who causes water to come down from the sky, then with it revives the earth after its death. They would surely say: "Allah." Say: "All the Praise be to Allah." But most of them have no sense.
وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۭ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٤﴾	64. And the life of this world is nothing but an amusement and play. And indeed, the home of the Hereafter, that is life indeed, if they but knew.

اور اگر پوچھو تم اُن سے کہ کس نے پیدا کیا ہے
آسمانوں کو اور زمین کو اور مسخر کر رکھا ہے
سُورج کو اور چاند کو، تو ضرور کہیں گے وہ،
اللہ نے۔ پھر یہ کدھر سے دھوکا کھا رہے ہیں ﴿٦١﴾
اللہ ہی کشادہ کرتا ہے رزق جس کے لیے
چاہے اپنے بندوں میں سے اور تنگ کرتا ہے
جس کے لیے (چاہے) یقیناً اللہ ہر بات سے
پُوری طرح باخبر ہے ﴿٦٢﴾
اور اگر پوچھو تم اُن سے کہ کون برساتا ہے
آسمان سے پانی پھر زندہ کرتا ہے
اس کے ذریعہ سے زمین کو اس کے مُردہ ہو جانے کے بعد،
تو ضرور کہیں گے کہ اللہ ۔ کہہ دیجیے
"الحمدللہ" مگر
اکثر ان میں سے سمجھتے نہیں ہیں ﴿٦٣﴾
اور نہیں ہے یہ دُنیاوی زندگی
مگر کھیل تماشا اور یقیناً
آخرت کا گھر ہی حقیقی زندگی ہے
کاش! یہ لوگ جانتے ﴿٦٤﴾

65. And when they embark on a ship, they call on Allah, making their faith sincere for Him only. Then when He brings them safely to land, behold, they ascribe partners (to Him).	فَاِذَا رَكِبُوْا فِى الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٥﴾	پھر جب سوار ہوتے ہیں یہ کشتی میں تو پکارتے ہیں اللہ کو خالص کرکے اسی کے لیے اپنے دین کو پھر جب بچا کر لے آتا ہے وہ انہیں خشکی پر تو یکایک یہ شرک کرنے لگتے ہیں ﴿٦٥﴾
66. So that they will deny for what We have given them, and that they take their enjoyment. But soon they will come to know.	لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾	تاکہ ناشکری کریں اس نجات کی جو ہم نے انہیں دی تھی اور تاکہ مزے لوٹیں (دنیاوی زندگی کے) سو عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا ﴿٦٦﴾
67. Have they not seen that We have appointed a sanctuary secure (from violence), and that men are being snatched away from all around them. Then do they believe in falsehood and disbelieve in the bounty of Allah.	اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿٦٧﴾	کیا نہیں دیکھتے یہ کہ ہم ہی نے بنا دیا ہے حرم کو امن کا گہوارہ جبکہ اچک لیے جاتے ہیں انسان اس کے گرد و پیش سے؟ کیا اس کے باوجود یہ لوگ باطل کو مانتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیں؟ ﴿٦٧﴾
68. And who does a greater wrong than he who invents a lie about Allah, or denies the truth when it comes to him. Is not there a dwelling in Hell for the disbelievers.	وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهٗ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾	اور کون بڑا ظالم ہے اس سے جو بہتان باندھے اللہ پر جھوٹ کا یا جھٹلائے حق کو جب بھی وہ اس کے پاس آئے ؟ کیا نہیں ہے جہنم ٹھکانا ایسے جھٹلانے والوں کا؟ ﴿٦٨﴾
69. And those who strive in Us, We will surely guide them to Our paths. And indeed, Allah is with the righteous.	وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٦٩﴾	اور وہ لوگ جو جدّوجُہد کرتے ہیں ہماری خاطر تو ہم ضرور دکھائیں گے انہیں اپنے راستے اور یقیناً اللہ ساتھ ہے اعلیٰ اور معیاری کارکردگی دکھانے والوں کے ﴿٦٩﴾



ArRoom

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Alif. Lam. Mim.	الٓمّٓ ①
2. The Romans have been defeated.	غُلِبَتِ الرُّوْمُ ②
3. In the nearer land, and they, after their defeat, will be victorious.	فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ③
4. Within three to nine years. To Allah belongs the command before and after. And that day the believers will rejoice.	فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۭ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَيَوْمَىِٕذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ④
5. With Allah's help. He helps whom He wills. And He is the All Mighty, the Merciful.	بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑤
6. (It is) the promise of Allah. Allah does not fail in His promise, but most of mankind do not know.	وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ⑥

الف۔لام۔میم ①

مغلوب ہوگئے رومی ②

(عرب سے) قریب ترین سرزمین میں اور وہ

اپنے مغلوب ہونے کے بعد جلد ہی غالب ہوجائیں گے ③

چند سالوں میں۔ اللہ ہی کا ہے سارا اختیار

پہلے بھی اور بعد میں بھی اور وہ دن ہوگا

جبکہ خوش ہوں گے اہلِ ایمان ④

اللہ کی مدد پر ــــ مدد دیتا ہے وہ جس کو چاہے

اور وہ ہے زبردست اور نہایت مہربان ⑤

یہ وعدہ ہے اللہ کا کبھی نہیں خلاف کرتا اللہ

اپنے وعدے کے مگر اکثر انسان

(یہ بات) نہیں جانتے ⑥

7. They know what is apparent of the life of the world, and they are heedless of the Hereafter.	يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۖ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٧	جانتے ہیں لوگ صرف ظاہری پہلو دنیاوی زندگی کا اور وہ آخرت سے بالکل ہی غافل ہیں ۝٧
8. Do they not reflect within themselves. Allah has not created the heavens and the earth, and that which is between them, except with truth and for an appointed term. And indeed, many of mankind are disbelievers in the meeting with their Lord.	اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝٨	کیا نہیں غور و فکر کیا انہوں نے کبھی اپنے آپ میں کہ نہیں پیدا کیا ہے اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے مگر برحق اور ایک وقتِ مقرر کے لیے اور واقعہ یہ ہے کہ اکثر انسان اپنے رب کے حضور پیشی کے منکر ہیں ۝٨
9. Have they not traveled in the land and seen how was the end of those before them. They were mightier than these in strength, and they tilled the land and built upon it more than that which these have built. And their messengers came to them with clear evidences. Then it was not Allah who wronged them, but they did wrong to themselves.	اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝٩	کیا نہیں چلے پھرے ہیں یہ زمین میں کہ دیکھتے کیا ہوا انجام ان لوگوں کا جو (ہو گزرے ہیں) ان سے پہلے۔ وہ تھے کہیں زیادہ ان سے طاقت میں اور کھیتی باڑی کی تھی انہوں نے زمین میں اور آباد کیا تھا زمین کو کہیں زیادہ اس سے جتنا آباد کیا ہے انہوں نے اسے اور آئے تھے اُن کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر سو نہ تھا اللہ ایسا کہ ظلم کرتا ان پر مگر وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے ۝٩
10. Then the end of those who had committed evil was evil (worst), because they denied the revelations of Allah and they used to ridicule them.	ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْٓآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١٠	پھر ہوا انجام ان لوگوں کا جنہوں نے برائیاں کی تھیں بہت برا اس وجہ سے کہ جھٹلایا تھا انہوں نے اللہ کی آیات کو اور ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے ۝١٠

11. Allah originates the creation, then He will repeat it, then to Him you will be returned.	اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿١١﴾	اللہ ہی ابتدا کرتا ہے تخلیق کی پھر وہی اعادہ کرے گا اس کا پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿١١﴾
12. And the Day when the Hour will be established, the criminals will be in despair.	وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿١٢﴾	اور جس دن برپا ہوگی قیامت، مایوس ہو جائیں گے مجرم ﴿١٢﴾
13. And there will not be for them among their (alleged) partners any to intercede. And they will reject their partners.	وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ كٰفِرِيْنَ ﴿١٣﴾	اور نہ ہوگا ان کے لیے ان کے ٹھہرائے ہوئے شرکا میں سے کوئی سفارشی بلکہ ہو جائیں گے وہ اپنے شریکوں کے منکر ﴿١٣﴾
14. And the Day when the Hour will be established, that Day they will become separated.	وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿١٤﴾	اور جس دن برپا ہوگی قیامت اس دن بٹ جائیں گے لوگ فرقوں میں ﴿١٤﴾
15. Then as for those who believed and did righteous deeds, they shall be made to enjoy in the Garden (of delight).	فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿١٥﴾	سو جو لوگ ایمان لائے ہیں اور کیے انہوں نے اچھے عمل سو وہ ایک باغ میں ہوں گے، خوش و خرم ﴿١٥﴾
16. And as for those who disbelieved and denied Our revelations, and the meeting of the Hereafter, they shall be brought into the punishment.	وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿١٦﴾	اور رہے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو اور آخرت کی پیشی کو سو یہ لوگ عذاب میں ہمیشہ مبتلا رہیں گے ﴿١٦﴾
17. So glorify Allah when you enter the night and when you enter the morning.	فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿١٧﴾	سو پاکی بیان کرتے رہو اللہ کی بوقت شام اور جب تم صبح کرتے ہو ﴿١٧﴾
18. And to Him is all the praise in the heavens and the earth, and at the decline of the sun and in the noonday.	وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿١٨﴾	اور اسی کے لیے ہے حمد آسمانوں میں اور زمین میں اور سہ پہر کو اور جب تم ظہر کرتے ہو ﴿١٨﴾

19. He brings out the living from the dead, and He brings out the dead from the living, and He revives the earth after its death. And thus shall you be brought out.	يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١٩﴾	نکالتا ہے وہ زندہ کو مردہ میں سے اور نکالتا ہے وہی مردہ کو زندہ میں سے اور زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مُردہ ہو جانے کے بعد اور اسی طرح تم بھی نکالے جاؤ گے ﴿١٩﴾
20. And among His signs is that He created you from dust, then behold, you are human beings scattered (throughout the earth).	وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَاۤ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿٢٠﴾	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے یہ بھی کہ پیدا فرمایا اس نے تمہیں مٹی سے پھر یکایک تم بشر بن کر پھیلتے جا رہے ہو ﴿٢٠﴾
21. And among His signs is that He created for you mates from yourselves that you may find tranquility in them, and He placed between you love and mercy. Indeed, in that are signs for a people who reflect.	وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١﴾	اور اُس کی نشانیوں میں سے ہے یہ بھی کہ پیدا کیں اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے بیویاں تاکہ تم سکون حاصل کرو ان کے پاس اور پیدا کر دی اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت یقیناً اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں ﴿٢١﴾
22. And among His signs is the creation of the heavens and the earth, and the difference of your languages and your colors. Indeed, in that are signs for those of sound knowledge.	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿٢٢﴾	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے پیدا فرمانا آسمانوں کا اور زمین کا اور مختلف ہونا تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا بلاشبہ اس میں بھی نشانیاں ہیں عالموں کے لیے ﴿٢٢﴾
23. And among His signs is your sleep by night and day, and your seeking of His bounty. Indeed, in that are signs for a people who listen.	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٢٣﴾	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے تمہارا سونا رات اور دن میں اور تمہارا تلاش کرنا اس کے فضل کو یقیناً اس میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سنتے ہیں ﴿٢٣﴾

24. And among His signs is (that) He shows you the lightning (by way of) fear and hope, and He sends down water from the sky, then thereby He revives the earth after its death. Indeed, in that are signs for a people who understand.	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ دکھلاتا ہے تم کو بجلی کی چمک ڈرانے اور امید دلانے کے لیے اور برساتا ہے آسمان سے پانی پھر زندہ کرتا ہے اس کے ذریعہ سے زمین کو اس کے مردہ ہو جانے کے بعد بے شک اس میں بھی بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۲۴﴾
25. And among His signs is that the heavens and the earth stand firm by His command. Then when He summons you, by one call from the earth, behold, you will come out.	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے یہ بھی کہ قائم ہے آسمان اور زمین اس کے حکم سے پھر جونہی بلائے گا وہ تم کو ایک ہی دفعہ زمین سے (نکلنے کے لیے) تو فوراً ہی تم نکل پڑو گے ﴿۲۵﴾
26. And to Him belongs whoever is in the heavens and the earth. All are obedient to Him.	وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾	اور اسی کا مملوک ہے جو کوئی بھی ہے آسمانوں میں اور زمین میں (اور) سب اسی کے مطیعِ فرمان بھی ہیں ﴿۲۶﴾
27. And it is He who originates the creation, then He will repeat it, and that is easier for Him. And his is the highest similitude in the heavens and the earth. And He is the All Mighty, the All Wise.	وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾	اور وہی ہے جو ابتدا کرتا ہے تخلیق کی پھر اعادہ کرے گا وہی اس کا اور جبکہ یہ بہت آسان ہے اس کے لیے اور اسی کی شان سب سے بلند ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہ زبردست اور بڑی حکمت والا ہے ﴿۲۷﴾

28. He sets forth for you a parable from your own selves. Do you have any partners, among those whom your right hands possess in that what We have provided for you, so that you are equal therein, (and) you fear them as you fear of yourselves (each other). Thus do We explain the signs in detail to a people who have sense.	ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِيْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾	بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے ایک مثال خود تمہاری اپنی ہی کیا ہیں تمہارے لیے تمہارے غلاموں میں سے کچھ ایسے جو ہوں شریک اس رزق میں جو ہم نے تمہیں دیا ہے پھر تم اور وہ اس میں برابر ہو گئے ہو (اور) ڈرتے ہو تم ان سے جیسے ڈرتے ہو تم اپنے جیسوں سے؟ اسی طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ہم اپنی آیات ان لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں ﴿۲۸﴾
29. But those who do wrong follow their (own) desires without knowledge. Then who will guide him whom Allah has sent astray. And for them there will be no helpers.	بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۹﴾	بلکہ پیروی کر رہے ہیں یہ لوگ جو ظالم ہیں اپنی خواہشاتِ نفس کی بغیر علم کے، سو کون ہدایت دے اس کو جسے گمراہ کر دیا ہو اللہ نے اور نہیں ہو سکتا ان کا کوئی مددگار بھی ﴿۲۹﴾
30. So set you your face (O Muhammad) towards (this) Faith, inclining to truth. The nature of Allah that upon which He has created mankind. There is no altering in (the laws of) Allah's creation. That is the right religion, but most of the people do not know.	فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾	سو سیدھا رکھو تم اپنا رخ دینِ اسلام کی سمت یکسو ہو کر جو اللہ کا دینِ فطرت ہے جس پر پیدا فرمایا ہے اس نے انسانوں کو نہیں بدلی جا سکتی اللہ کی بنائی ہوئی ساخت۔ یہی ہے دینِ راست اور درست لیکن بہت سے انسان (اس بات کو) نہیں جانتے ﴿۳۰﴾
31. Turning in repentance to Him, and fear Him and establish prayer, and do not be of those who associate partners (to Him).	مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۳۱﴾	(درست رکھو اپنا رخ) رجوع کرتے ہوئے اس کی طرف اور اسی سے ڈرو اور قائم کرو نماز اور نہ ہو جانا تم مشرکوں میں سے ﴿۳۱﴾

32. (Or) of those who have divided their religion and have become sects, each faction rejoicing in what they have.	مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۳۲﴾	(یعنی) ان لوگوں میں سے جنہوں نے پھوٹ ڈال دی اپنے دین میں اور بٹ گئے فرقوں میں ۔ ہر فرقہ اس (طریقے) پر جو ان کے پاس ہے مگن ہے ﴿۳۲﴾
33. And when adversity touches the people, they cry upon their Lord, turning in repentance to Him. Then, when He gives them a taste of His mercy, behold, a group among them associate (partners) with their Lord.	وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾	اور جب پہنچتی ہے انسانوں کو کوئی تکلیف تو پکارتے ہیں اپنے رب کو رجوع کرتے ہوئے اسی کی طرف پھر جب وہ چکھاتا ہے انہیں مزہ اپنی رحمت کا تو یکایک کچھ لوگ ان میں سے اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں ﴿۳۳﴾
34. So that they will disbelieve in what We have given them. So enjoy yourselves, then soon you will come to know.	لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾	تاکہ ناشکری کریں وہ ان (نعمتوں) کی جو ہم نے عطا فرمائی تھیں انہیں اچھا! تم مزے لوٹ لو پھر عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا ﴿۳۴﴾
35. Or have We sent down to them an authority which then speaks of that which they associate with Him.	اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾	کیا نازل کی ہے ہم نے ان پر کوئی سند جو شہادت دیتی ہو اس شرک (کی صداقت) پر جو یہ اللہ کے ساتھ کر رہے ہیں ﴿۳۵﴾
36. And when We give the people a taste of mercy, they rejoice therein. And if an evil afflicts them for what their own hands have sent forth, behold, they are in despair.	وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿۳۶﴾	اور جب چکھاتے ہیں ہم مزا انسانوں کو رحمت کا تو اترا جاتے ہیں اس پر اور اگر آتی ہے اُن پر کوئی مصیبت بسبب ان کی کرتوتوں کے تو یکایک وہ مایوس ہو جاتے ہیں ﴿۳۶﴾
37. Do they not see that Allah enlarges the provision for whom He wills and straitens (for whom He wills). Indeed, in that are signs for a people who believe.	اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾	کیا نہیں دیکھتے یہ کہ اللہ کشادہ کر دیتا ہے رزق جس کے لیے چاہے اور تنگ کر دیتا ہے (جس کے لیے چاہے) یقیناً اس میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان والے ہیں ﴿۳۷﴾

38. So give to the kindred his right, and to the needy, and to the wayfarer. That is best for those who desire Allah's countenance. And such are they who will be successful.	فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾	سو دو رشتہ داروں کو ان کا حق اور مسکین کو اور مسافر کو۔ یہ طریقہ زیادہ بہتر ہے ان لوگوں کے لیے جو چاہتے ہیں خوشنودی اللہ کی، اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں ﴿۳۸﴾
39. And whatever you give in usury that it may increase in the wealth of people has no increase with Allah. And that which you give in charity, seeking the countenance of Allah, then those, they shall have manifold increase.	وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿۳۹﴾	اور جو لین دین کرتے ہو تم کسی قسم کے سود کا تاکہ اضافہ ہو لوگوں کے مالوں میں تو نہیں اضافہ ہوتا اللہ کے نزدیک اور جو دیتے ہو تم کسی قسم کی زکوٰۃ، حاصل کرنے کے لیے خوشنودی اللہ کی سو ایسے ہی لوگ ہیں (اپنا مال) بڑھانے والے ﴿۳۹﴾
40. Allah is He who created you, then He has provided for your sustenance, then He will cause you to die, then He will give you life (again). Are there any of your partners (of Allah) who do anything of that. Praised and Exalted be He above what they associate (with Him).	اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾	اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہیں رزق دیا پھر وہ تم کو موت دیتا ہے پھر وہ زندہ کرے گا تم کو کیا کوئی ہے تمہارے (ٹھہرائے ہوئے) شرکا میں سے ایسا جو کرتا ہو ان کاموں میں سے کچھ بھی ؟ پاک ہے اس کی ذات اور بلند و برتر، ہر اس شرک سے جو یہ کرتے ہیں ﴿۴۰﴾
41. Corruption has appeared on land and sea because of (the evil of) what the hands of people have earned, that He may make them taste a part of what they have done, that perhaps they may return.	ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾	برپا ہو گیا ہے فساد خشکی اور تری میں بسبب اس کے جو کماتے ہیں ہاتھ، انسانوں کے تاکہ مزا چکھائیں انہیں ان کے بعض اعمال کا شاید کہ وہ باز آجائیں ﴿۴۱﴾


42. Say (O Muhammad): "Travel in the land, then see how was the end of those before." Most of them were associators (with Allah).	قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾
43. So set your face firmly towards the true Faith before there comes a Day from Allah which none can avert it. That Day they shall be divided.	فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾
44. Whoever disbelieves, then upon him is (the burden of) his disbelief. And those who do righteousness, then such prepare a place for themselves.	مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾
45. That He may reward those who believe and do righteous deeds of His bounty. Indeed, He does not love the disbelievers.	لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾
46. And among His signs is that He sends the winds as good tidings, and to let you taste of His mercy, and that the ships may sail by His command, and that you may seek of his favor, and that you may be thankful.	وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾

کہہ دو! (ان سے) چلو پھرو زمین میں
پھر دیکھو کیا ہوا انجام ان لوگوں کا جو
گزر گئے تم سے پہلے، تھے اکثر ان میں سے مشرک ﴿۴۲﴾
سو سیدھا رکھو مضبوطی کے ساتھ اپنا رخ اس دین کی طرف
جو راست اور درست ہے اس سے پہلے کہ آجائے
وہ دن کہ نہیں ہے اس کے ٹل جانے کی کوئی صورت
اللہ کی طرف سے، اس دن لوگ جدا جدا ہوں گے ﴿۴۳﴾
جس نے کفر کیا ہوگا، اسی پر وبال ہوگا اس کے کفر کا
اور جو کرتے ہیں نیک عمل
تو ایسے لوگ اپنے لیے ہی نفع کا سامان کر رہے ہیں ﴿۴۴﴾
تاکہ جزا دے اللہ ــــ ان لوگوں کو جو ایمان لائے
اور کیے جنہوں نے نیک عمل ــــ اپنے فضل سے
بے شک وہ نہیں پسند کرتا کافروں کو ﴿۴۵﴾
اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ وہ بھیجتا ہے
ہواؤں کو خوشخبری دینے والا بنا کر اور تاکہ چکھائے تم کو مزا
اپنی رحمت کا اور تاکہ چلیں کشتیاں اس کے حکم سے
اور تاکہ تلاش کرو تم اس کا فضل
اور تاکہ تم اس کے شکر گزار بنو ﴿۴۶﴾

47. And certainly, We sent messengers before you to their own peoples. So they came to them with clear evidences, then we took vengeance on those who committed crimes. And it was incumbent upon Us to help the believers.	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾	اور یقیناً بھیجے ہم نے تم سے پہلے رسول ان کی قوموں کی طرف سو لے کر آئے وہ ان کے پاس کھلی نشانیاں پھر سزا دی ہم نے ان لوگوں کو جنہوں نے جرم کیا اور ہے ہم پر حق مدد کرنا مومنوں کی ﴿۴۷﴾
48. Allah is He who sends the winds so that they raise clouds, then He spreads them along the sky however He wills, and He makes them into fragments, then you see the rain drops coming forth from their midst. Then when He causes it to fall upon whom He wills of His slaves, behold, they do rejoice.	اَللّٰهُ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾	اللہ ہی ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو سو وہ اٹھاتی ہیں بادلوں کو پھر وہ پھیلا دیتا ہے ان کو آسمان میں جس طرح چاہے اور تقسیم کر دیتا ہے ان کو ٹکڑوں میں پھر تو دیکھتا ہے بارش کے قطروں کو کہ نکلتے ہیں وہ اس میں سے۔ پھر جب برساتا ہے وہ اس (بارش) کو جس پر چاہے اپنے بندوں میں سے تو یکایک وہ خوش ہو جاتے ہیں ﴿۴۸﴾
49. Although before, that even before it was sent down upon them, they were in despair.	وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾	اور واقعہ یہ ہے کہ تھے وہ اس سے پہلے کہ برسائی جائے بارش ان پر، بالکل مایوس ﴿۴۹﴾
50. Then look at the effects (signs) of the mercy of Allah, how He revives the earth after its death. Indeed, that He will give life to the dead. And He is Able to do all things.	فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْىِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْىِ الْمَوْتٰى ۫ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾	سو دیکھو اللہ کی رحمت کے اثرات کو کہ کس طرح زندہ کرتا ہے اللہ زمین کو اس کے مردہ ہو جانے کے بعد یقیناً یہ ہستی ضرور زندہ کرے گی مردوں کو اور وہ تو ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے ﴿۵۰﴾
51. And if We send a wind, then they see (the crops) turn yellow, they would remain thereafter in their disbelief.	وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾	اور اگر کہیں بھیجتے ہم کوئی ایسی ہوا کہ دیکھتے وہ (اس کے اثر سے) کھیتی کو کہ زرد پڑ گئی ہے تو ضرور وہ اس کے بعد بھی کفر ہی کرتے رہتے ﴿۵۱﴾

52. So indeed, you (Muhammad) cannot make the dead to hear, nor can you make the deaf to hear the call when they show their backs, turning away.	فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾	پس (اے نبیؐ) تم ہرگز نہیں سنا سکتے مردوں کو اور نہ سنا سکتے ہو بہروں کو اپنی پکار جب وہ چلے جا رہے ہوں پیٹھ پھیر کر ﴿۵۲﴾
53. And you (Muhammad) cannot guide the blind from their straying. You can make to hear only those who believe in Our revelations so they have submitted.	وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾	اور نہیں ہو تم راہِ راست دکھانے والے اندھوں کو اُن کی گمراہی سے نکال کر، نہیں سنا سکتے ہو تم مگر انہی کو جو ایمان لاتے ہیں ہماری آیات پر پھر وہ سرِ تسلیم خم کر دیتے ہیں ﴿۵۳﴾
54. Allah is He who created you from weakness, then after weakness appointed strength, then after strength appointed weakness and grey hair. He creates what He wills. And it is He who is the All Knowing, the All Mighty.	اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾	اللہ ہی ہے جس نے پیدا کیا ہے تم کو ناتواں پھر بخشی کمزوری کے بعد قوت پھر کر دیا اس نے قوت کے بعد کمزور اور بوڑھا پیدا فرماتا ہے وہ جو چاہے اور وہ ہے ہر بات کا جاننے والا ، ہر چیز پر قادر ﴿۵۴﴾
55. And the Day when the Hour will be established, the criminals will swear they had not stayed but an hour, thus they used to be deceived (in worldly life).	وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾	اور جس دن برپا ہو گی قیامت تو قسم کھا کر کہیں گے مجرم کہ نہیں رہے وہ (دنیا میں) مگر ایک ساعت اسی طرح وہ دھوکا کھاتے رہے (دنیا میں) ﴿۵۵﴾

56. And those who were given the knowledge and faith will say: "Certainly, you have stayed according to the decree of Allah until the Day of Resurrection. So this is the Day of Resurrection, but you, you did not know.	وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۚ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٦﴾	اور کہیں گے وہ لوگ جنہیں عطا کیا گیا ہے علم اور ایمان بے شک رہے ہو تم نوشتۂ الٰہی کے مطابق روزِ حشر تک، پس یہی ہے روزِ حشر لیکن تم جانتے نہ تھے ﴿٥٦﴾
57. So that Day, their excuses will not benefit those who did injustice, nor will they be asked to seek forgiveness.	فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾	سو یہ وہ دن ہے کہ نہیں فائدہ پہنچائے گی ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا تھا ان کی معذرت اور نہ ان کی توبہ قبول کی جائے گی ﴿٥٧﴾
58. And certainly, We have set forth for mankind, in this Quran, every kind of parable. And if you came to them with a sign, those who disbelieve would surely say: "You are not but following the falsehood."	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَىِٕنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿٥٨﴾	اور بے شک بیان کی ہیں ہم نے انسانوں کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی مثالیں اور اگر لاؤ تم ان کے سامنے کوئی نشانی تو ضرور کہیں گے کافر لوگ کہ نہیں ہو تم مگر جھوٹے ﴿٥٨﴾
59. Thus does Allah seal up the hearts of those who do not know.	كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٩﴾	اسی طرح مہر لگا دیتا ہے اللہ دلوں پر ان لوگوں کے جو سمجھ نہیں رکھتے ﴿٥٩﴾
60. So be patient, indeed, the promise of Allah is true. And let them not discourage you, those who have no certainty of faith.	فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٦٠﴾	پس صبر کرو یقیناً وعدہ اللہ کا سچا ہے اور نہ ہلکا پائیں تم کو وہ لوگ جو یقین نہیں لاتے ﴿٦٠﴾



Luqman

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Alif. Lam. Mim.	الٓمّٓ ①
2. These are revelations of the wise Book.	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ②
3. A guidance and a mercy for the righteous people.	هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ③
4. Those who establish the prayer and give the poor-due and have faith with certainty in the Hereafter.	الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ④
5. Those are on guidance from their Lord, and those are the ones who will be successful.	اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤
6. And of mankind is he who purchases idle talks, that he may mislead from the way of Allah without knowledge, and takes it by way of mockery. Those, for them will be a humiliating punishment.	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑥

الف۔لام۔میم ①
یہ آیات ہیں ایک پرحکمت کتاب کی ②
سراسر ہدایت اور رحمت ہے ان محسنین کے لیے ③
جو قائم کرتے ہیں نماز اور ادا کرتے ہیں
زکوٰۃ اور وہی ہیں جو آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں ④
یہی لوگ ہیں ہدایت پر اپنے رب کی
اور یہی ہیں فلاح پانے والے ⑤
اور انسانوں میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو خرید کر لاتا ہے
غافل کرنے والی باتیں تاکہ گمراہ کردے
اللہ کی راہ سے بے سمجھے بوجھے
اور اڑائے اس (کی باتوں) کا مذاق
انہی لوگوں کے لیے ہے عذاب رسوا کرنے والا ⑥

7. And when Our verses are recited to him, he turns away in arrogance as if he had not heard them, as if there were a deafness in his ears. So give him tidings of a painful punishment.	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝٧	اور جب پڑھی جاتی ہیں اس کے سامنے ہماری آیات تو رخ پھیر لیتا ہے گھمنڈ کرتے ہوئے گویا کہ اس نے سنا ہی نہیں جیسے کہ اس کے کانوں میں بہرہ پن ہے سو خوشخبری دے دو اسے دردناک عذاب کی ۝٧
8. Indeed, those who believe and do righteous deeds, for them are the gardens of delight.	اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝٨	بلاشبہ وہ لوگ جو ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک عمل ان کے لیے ہیں نعمت بھری جنتیں ۝٨
9. They will abide therein. A promise of Allah in truth. And He is the All Mighty, the All Wise.	خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٩	ہمیشہ رہیں گے وہ ان میں ، یہ وعدہ ہے اللہ کا سچا اور وہ ہے زبردست، بڑی حکمت والا ۝٩
10. He has created the heavens without pillars that you see, and He has set on the earth firm mountains lest it should shake with you, and He has dispersed therein every moving (living) creature. And We send down water from the sky, and We cause to grow therein (plants) of every goodly kind.	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝١٠	اسی نے پیدا فرمائے ہیں یہ آسمان بغیر ایسے ستونوں کے جنہیں تم دیکھ سکو اور جما دیے زمین میں پہاڑ کہ کہیں تمہیں لے کر ڈھلک نہ جائے اور پھیلا دیے زمین میں ہر قسم کے جانور اور برسایا ہم نے آسمان سے پانی پھر اگائیں ہم نے زمین میں ہر قسم کی عمدہ (چیزیں) ۝١٠
11. This is the creation of Allah. Then show me what those (you worship) other than Him have created. But the wrongdoers are in error manifest.	هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝١١	یہ ہے تخلیق اللہ کی سو مجھے دکھاؤ کیا پیدا کیا ہے ان معبودوں نے جو اللہ کے سوا ہیں ؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ ظالم مبتلا ہیں کھلی گمراہی میں ۝١١

12. And certainly, We had given Luqman wisdom, (saying), that give thanks to Allah. And whoever gives thanks, so indeed he gives thanks for (the good of) his ownself. And whoever is ungrateful, then indeed, Allah is Free of need, Owner of Praise.	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑫	اور یقیناً عطا کی تھی ہم نے لقمان کو حکمت یہ کہ شکر بجالاؤ اللہ کا اور جو شکر ادا کرتا ہے تو درحقیقت وہ شکر ادا کرتا ہے اپنے ہی فائدے کے لیے اور جو ناشکری کرتا ہے تو بلاشبہ اللہ ہے بے نیاز ، لائقِ حمد و ثنا ⑫
13. And when Luqman said to his son, while he was advising him: “O my son, do not associate (partners) with Allah. Indeed, association (with Allah) is a tremendous wrong.”	وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ⑬	اور جب کہا تھا لقمان نے اپنے بیٹے سے جب کہ وہ اسے نصیحت کر رہا تھا: اے میرے بیٹے! نہ بنانا تم کسی کو شریک اللہ کا۔ یقیناً شرک ظلمِ عظیم ہے ⑬
14. And We have enjoined upon man about his partners. His mother carried him in weakness upon weakness, and his weaning is in two years, so give thanks to Me and to your parents. Unto Me is the journeying.	وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ⑭	اور تاکید کی ہے ہم نے انسان کو اپنے والدین کا (حق پہچاننے کی) اٹھائے پھرتی ہے اس کو اس کی ماں ضعف پر ضعف کی حالت میں اور اس کا دودھ چھڑایا جاتا ہے دو سالوں میں، (نصیحت کی ہم نے اسے) کہ شکر گزار رہ میرا اور اپنے والدین کا میری ہی طرف تجھے لوٹ کر آنا ہے ⑭
